# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

## وارننگ

**عزیز طلبہ !**

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام:** برصغیر پاک و ہند کی منتخب عربی و اردو تفاسیر: تعارف و خصائص۔(1963) سمسٹر: خزاں **2026ء**

**سطح:** بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 (یونٹ نمبر: 1تا5) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ شیخ جلاء الدین علی بن احمد مہائمی اور ان کی تفسیر کا تعارف کرائیے اور اس کی چار اہم خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ ملا علی اصغر قنوجی اور ان کی تفسیر ''ثواقب التنزیل فی انارۃ التأویل'' کا تعارف اور تفسیری اسلوب بھی بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ ملا جیون اور ان کی تفسیر ''التفسیرات الاحمدیۃ'' پر جامع نوٹ سپردِ قلم کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مولانا ثناء اللہ امر تسریؒ کے احوال وآثار پر روشنی ڈالیے نیز ''تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن'' کی روشنی میں ان کے منہج واسلوبِ تفسیر تفصیلاً قلمبند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ شاہ عبدالقادر محدث دہلوی کے احوال وآثار بیان کرتے ہوئے تفسیر موضح القرآن کا تعارف اور خصائص بیان کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 (یونٹ: 6تا9) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ سر سید احمد خان اور ان کی ''تفسیر القرآن'' کا تعارف کراتے ہوئے اس کی خصوصیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ مولانا فخر الدین احمد قادری فرنگی محلّی کے احوال وآثار اور ان کی تفسیر پر مفصل مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ تفسیر مظہری کی خصوصیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مولانا سعید دہلوی کے احوال وآثار بیان کرتے ہوئے ان کی تفسیر پر جامع نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ مولانا امین احسن اصلاحی کے تفسیری منہج، اسلوب اور خصوصیات پر مضمون لکھیے۔ (20)